RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ربیع الاول سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۴۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تبادلہ باہمی منصرم میگزین وصوبہ دار تھرڈ بٹالین علی غول	۱ و ۲
۲	رخصت ہاسپٹل اسسٹنٹ شفاخانہ بلاسپور	۲
۳	رخصت صوبہ دار تھرڈ بٹالین علی غول	۲

آرمی آرڈر پیشگاہ اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۱ فروری سنہ ۱۹۱۱ء

بملاحظہ عرائض منصرم میگزین سید قیصر شاہ ولد سید نظام شاہ وصوبہ دار احمد اسعد خان تھرڈ بٹالین اسسٹنٹ انفنٹری علی غول واضح ہوا کہ آپس میں تبدیلی چاہتے ہیں چونکہ کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج کو حسب رپورٹ معروضہ ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء انکی تبدیلی پسند ہے ۔ لہذا احمد اسعد خان

بجائے منصرم میگزین اور سید قیصر شاہ منصرم میگزین بجائے احمد اسد خان معمور دار تعینات بدل ہوئے - یعنی اپنی موجودہ تنخواہ ہمیں پاینگے بلا تخصیص پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ جو منصرم قیصر شاہ کو ملتی ہے احمد اسد خان کو اور تیس روپیہ ماہوار تنخواہ جو احمد اسد خان کو ملتی ہے سید قیصر شاہ کو دیجاسکے - تاریخ کارکردگی سے بنسبت تنخواہ عملدرآمد ہو -

---

متضمن حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

رخصت

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حسب تحریر صاحب اسسٹنٹ سرجن رخصت یک ہفتہ محمد بخش ہاسپٹل اسسٹنٹ شفاخانہ بلاسپور بکارگذاری رشید الحق کمپوڈر شفاخانہ مذکور منظور کی گئی -

متضمن بریگیڈ آرڈر اجلاس صاحب کرنیل بہادر کمانڈنٹ افواج

رخصت

۲۲ فروری سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کپتان صاحب تھرڈ بٹالین اسٹیٹ انفنٹری علی غول صوبیدار محمد حسن شاہجہان تھرڈ بٹالین نمبر ۳۳ کی رخصت پندرہ یوم ۲۶ فروری سنہ ۱۹۱۱ء سے ۱۲ مارچ تک بضرورت منظور کی گئی -

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا